مسئلہ (۲۱۲): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وراثت میں بالغ اور نابالغ رشتہ داروں میں فرق ہے، یعنی بالغ کو زیادہ اور نابالغ کو کم حصہ ملے گا، جب کہ ان کا یہ خیال درست نہیں ہے، کیوں اسلام میں وراثت کی بنیاد رشتہ داری پر ہے[1]، جو جتنا قریبی رشتہ دار ہوگا، وراثت میں اسے اتنا ہی زیادہ حصہ ملے گا، اس میں بالغ اور نابالغ کے درمیان کوئی تفریق نہیں رکھی گئی ہے، جن صورتوں میں

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : ما يستحق به الإرث شيئان : النسب والسبب ، فالنسب على ثلاثة أنواع : المنتسبون إليه وهو الأولاد ، والمنتسب هو إليهم وهم الآباء والأمهات ، والسبب وهم الأخوات والأعمام والعمات وغير ذلك ، والسبب ضربان : زوجية وولاء . (٩/٣٦٥ ، كتاب الفرائض)

ما في " الهندية " : ويستحق الإرث بإحدى خصال ثلاث بالنسب ، وهو القرابة ، والسبب وهو الزوجية والولاء ، وهو على ضربين : ولاء عتاقة وولاء موالاة ، وفي كل منهما يرث الأعلى من الأسفل ، ولا يرث الأسفل من الأعلى .

(٦/٤٤٧ ، كتاب الفرائض ، الباب الأول)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويستحق الإرث برحم ونكاح صحيح وولاء . الدر المختار . قال الشامي : يعني أن كل واحد منها علة للاستحقاق .

(١٠/٤٩٧ ، كتاب الفرائض)=

ایک بڑا بھائی وراثت کا مستحق ہوگا، ان صورتوں میں اس کا چھوٹا اور نابالغ بھائی بھی اتنی ہی مقدار میں وراثت کا حق دار ہوگا محض کم سنی اور بچپن کی وجہ سے نہ ہی اسے میراث سے محروم رکھا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اس کے حصۂ میراث میں کچھ کمی کی جاسکتی ہے۔ (۱)

مسائل شتی

(متفرق مسائل)

" الحجة على ما قلنا " کی حیثیت

مسئلہ (۲۱۳): بعض لوگ یہ اشکال کرتے ہیں کہ مسئلہ پیش کرنے کے بعد، اُس مسئلے کی دلیل بیان کرنے کے لیے " الحجة على ما قلنا " کہنا صحیح نہیں ہے، کیوں کہ "علیٰ" ضرر کے لیے آتا ہے، اور کسی کے خلاف دلیل پیش کرنے کے معنی میں "حجۃ" علیٰ صلہ کے ساتھ آتا ہے؟ اُن کا یہ اشکال اُس وقت درست ہوتا جب کہ "علیٰ" یہاں "حجۃ" کا صلہ ہوتا، حالانکہ ایسا نہیں ہے، کیوں کہ "علیٰ" یہاں " موجودةٌ " شبہ فعل (جو کہ "علیٰ" حرفِ جار سے پہلے مقدر ہے) کا صلہ ہے، اور " علىٰ ما قلنا " جار مجرور " موجودة " شبہ فعل سے متعلق ہوکر "الحجة" کی خبر واقع ہورہی ہے، اور " الحجة "دلیل اور برہان کے معنی میں

---

(۱) ما في " البحر الرائق " : إن الصبي والمجنون إذا قتل لم يتعلق به حق وجوب القصاص ولا حرمان الميراث . (۹/۳۶۵)

ہے، جو کہ اسم ہے، اور قاعدہ ہے کہ کبھی خبر بظاہر جار مجرور اور ظرف کے شکل میں ہوا کرتی ہے، مگر وہ کسی فعل یا شبہ فعل کے متعلق ہوکر ہی خبر بنتی ہے، نہ کہ اسم سے[1]، لہٰذا اُن کا یہ اشکال درست نہیں۔ نیز یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ کلامِ عرب میں اکثر وبیشتر الفاظ کئی معانی کے لیے مستعمل ہوتے ہیں، اس طور پر کہ اُن کا ایک حقیقی معنی ہوتا ہے اور ایک مجازی، اسی طرح کلامِ عرب میں حروف بھی اپنا ایک حقیقی معنی رکھتے ہیں اور ایک مجازی، اسی طرح "علٰی" بھی کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً:

۱- استعلاء: بلندی کے معنی کو ظاہر کرنے کے لیے، جیسے " وعلی الفلک تحملون " .

نوٹ:- "علٰی" استعلاء کے لیے آتا ہے، خواہ یہ استعلاء حقیقی ہو، جیسے " زیدٌ علی السطح " (زید چھت پر ہے)، یا استعلاء مجازی جیسے " علیه دَینٌ " (اس پر قرض ہے)۔[2]

۲- سببیت وتعلیل: سبب وعلت ظاہر کرنے کے لیے جیسے " ولتُکبِّروا اللہ علی ما ھداکم " (لما ھداکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الكافية مع حاشية " : وما وقع ظرفاً فالأكثر على أنه مقدر بجملة . أي الخبر الذي وقع ظرفًا نحو زيدٌ في الدار وعمرو من الإكرام ، فأكثر النحاة على أنه مقدر بجملة أي متعلق بفعل محذوف من الأفعال العامة لدلالة الظرف عليه . (ص/۲۰)

(۲) ما في " الكافية مع حاشية " : على للاستعلاء – أي للاستعلاء شيء على شيء حقيقة نحو زيدٌ على السطح أو حكمًا نحو عليه دينٌ . (ص/۱۱۵)

۳- ظرفیت: فی کے معنی میں جیسے " ودخل المدينة على حين غفلة من أهلها" (في حين)

نوٹ:- صاحبِ کافیہ رحمہ اللہ کے نزدیک ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ شے جس میں استقرار اور استعلاء دونوں کے معنی بن سکتے ہوں، وہاں دونوں (علیٰ، فی) حرفوں میں سے جس کو لایا جائے درست ہے، جیسے " جلستُ على الأرض ، جلستُ في الأرض "۔[1]

۴- مصاحبت: مع کے معنی میں، جیسے " وآتى المال على حبه " (مع حبه)

۵- بمعنی مِن: جیسے " الذين إذا اكتالوا على الناس يستوفون " . (اكتالوا منهم)

۶- بمعنی با: جیسے " حقيق علىٰ أن لا أقول على الله إلا الحق" (حقيق بي)

۷- لزوم: لزوم کے لیے جیسے " كُتبَ عليكم الصيامُ "۔[2]

الغرض! کلامِ عرب کا دائرہ بہت وسیع ہے، جس کا احاطہ خود اہلِ عرب بھی آج تک نہیں کر سکے۔

---

(۱) (الكافية مع حاشية :ص/۱۱۳ ، رقم الحاشية : ۹ ، سعاية النحو : ص/۳۲۴)

(۲) (تدريب النحو : ص/۲۲۷ ، حروف الجر ومعانيها)

ہر مسئلہ اور حادثہ کا ثبوت قرآن وحدیث سے

مسئلہ (۲۱۴): بعض لوگ ہر مسئلہ اور حادثہ کا حکم قرآن وحدیث سے مانگتے ہیں، ان کا یہ مطالبہ درست نہیں، کیوں کہ قرآن کریم اور احادیثِ نبویہ میں ہر پیش آنے والے مسئلہ اور حادثہ کا حکم صاف اور صریح موجود نہیں ہے، البتہ ایسی کلیات اور اصول یقیناً موجود ہیں، جن میں اجتہاد واستنباط کے ذریعہ، قیامت تک پیش آنے والے ہر مسئلہ وحادثہ کا حکم معلوم کیا جاسکتا ہے، اور یہ اجتہادی واستنباطی احکام بھی دین ہی کا حصہ ہیں، جسے ہم فقہ اسلامی سے تعبیر کرتے ہیں[1]، حضراتِ فقہاء کرام نے کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ ﷺ اور اجماعِ امت

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ونزّلنا عليك الكتٰب تبياناً لكلّ شيء﴾ .

(سورة النحل : ۸۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : يعني تبيان كلّ شيء من أمور الدين بالنص والدلالة ، وما حصل عليه الإجماع ، فمصدره أيضاً عن الكتاب ، لأن الكتاب قد دلّ على صحة حجة الإجماع وأنهم لا يجتمعون على ضلال ، وما أوجبه القياس واجتهاد الرأي وسائر ضروب الاستدلال من الاستحسان ، وقبول خبر الواحد جميع ذلك من تبيان الكتاب ، لأنه قد دلّ على ذلك إجماع ، فما من حكم أحكام الدين إلا وفي الكتاب تبيانه من الوجوه التي ذكرنا ، وهذه الآية دالة على صحة القول بالقياس ، وذلك لأنا إذا لم نجد للحادثة حكماً منصوصاً في الكتاب ، ولا في السنة ، ولا في الإجماع ، وقد أخبر الله تعالى أن في الكتاب تبيان كل شيء من أمور الدين ، ثبت أن طريقه النظر والاستدلال بالقياس على حكمه . (۲۴۶/۳)

میں انتہائی غور وفکر کرکے، اِن مسائل کا استنباط فرمایا ہے (فجزاهم الله خير الجزاء)، اوراس عملِ استنباط واجتہاد کا دلیلِ شرعی ہونا، کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے۔[1]

---

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن الحارث بن عمرو ، عن رجال من أصحاب معاذ ، أن رسول الله ﷺ بعث معاذاً إلى اليمن ، فقال : " كيف تقضي ؟ " . فقال : أقضي بما في كتاب الله ، قال : "فإن لم يكن في كتاب الله ؟ " . قال : فبسنة رسول الله ﷺ ، قال : "فإن لم يكن في سنة رسول الله ﷺ ؟ " . قال : أجتهد رأيي ، قال : " الحمد لله الذي وفّق رسولَ رسولِ الله ﷺ " .

(۳۳۰/۲ ، رقم الحديث : ۱۳۲۷ ، كتاب الأحكام ، باب ما جاء في القاضي كيف يقضي ، بيروت ، السنن لأبي داود :ص/۵۰۵ ، كتاب القضاء ، باب اجتهاد الرأي في القضاء ، قديمي ، رقم الحديث : ۳۵۹۲ ، عون المعبود :ص/۱۵۳۲ ، بيروت ، أصول الشاشي : ص/۸۳ ، ۸۴ ، البحث الرابع في القياس ، مكتبه بلال بكڈپو دهلي)

ما في " العرف الشذي " : قال العلامة المحدث الكبير محمد أنور شاه الكشميري : حديث الباب يفيد في القياس ، وأخذه أرباب الأصول ، وتكلّم فيه المحدثون ، لأن الراوي عن معاذ مبهم . أقول : إن الراوي عنه جماعة من أصحاب معاذ ، وأصحاب معاذ ثقات فلا ضير ، والحديث قويٌّ ، وقال البيهقي : إن الحديث وإن هو منقطع لكنه مروي عن أصحاب معاذ ، فيكون حجة ، وأخذ أرباب القياس حديث الباب .

(۷۰/۳ ، رقم الحديث : ۱۳۲۷ ، دار احياء التراث العربي)

ما في " معالم السنن شرح سنن أبي داود " : قال الشيخ : قوله : اجتهد برأيي يريد الاجتهاد في ردّ القضية من طريق القياس إلى معنى الكتاب والسنة ، ولم يرد الرأي الذي يسنح له من قبل نفسه ، أو يخطر بباله عن غير أصل من كتاب أو سنة ، وفي هذا إثبات القياس وإيجاب الحكم به .

(۱۵۳/۴ ، تحت رقم الحديث : ۱۴۲۵ ، بيروت)=

.....

.....

.....

= ما في "عون المعبود شرح سنن أبي داود" : قال في المجمع : وفي حديث معاذ : "اجتهد برأيي" . الاجتهاد بذل الوسع في طلب الأمر بالقياس على كتاب أو سنة . انتهى . ..... وفي هذا إثبات القياس وإيجاب الحكم به . انتهى .

(ص/۱۵۳۲ ، بيت الأفكار الدولية)

ما في "جامع الترمذي" : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : "إذا حكم الحاكم فاجتهد فأصاب ، فله أجران ، وإذا حكم فأخطأ ، فله أجر واحدٌ" .

(۳۲۹/۲ ، رقم الحديث : ۱۳۲۶ ، كتاب الأحكام ، باب ما جاء في القاضي يصيبُ ويخطئ ، العرف الشذي : ۶۹/۳ ، رقم : ۱۳۲۶ ، وأخرجه البخاري في كتاب الاعتصام ، باب أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب ، رقم : ۲۵۹۳ ، ومسلم في كتاب الأقضية ، باب بيان أجر الحاكم إذا اجتهد فأصاب أو أخطأ ، وأبوداود في كتاب الأقضية ، باب في القاضي يخطئ ، رقم : ۳۵۷۴ ، والنسائي في كتاب القضاة ، باب الإصابة في الحكم ، رقم : ۵۳۷۷ ، وابن ماجه في كتاب الأحكام ، باب الحاكم يجتهد فيصيب الحق ، رقم : ۲۳۱۴ ، والمزّي في تحفة الأشراف ، رقم : ۱۵۴۳۷)

ما في "نور الأنوار" : اعلم أن أصول الشرع ثلاثة : الكتاب والسنة وإجماع الأمة ، والأصل الرابع القياس ، إن الأصل الرابع بعد الثلاثة للأحكام الشرعية ، هو القياس المستنبط من هذه الأصول الثلاثة . (ص/۷ ، ۸)

ما في "هامش أصول الشاشي" : اعلم أن القياس حجة شرعية قد قام على كونه حجة في المسائل الشرعية أدلة من الكتاب والسنة والإجماع ، أما الكتاب فقوله تعالى : ﴿فاعتبروا يآ أولي الأبصار﴾ . والاعتبار هو القياس ماخوذ من اعتبار شيء بشيء إذا قيس عليه . الخ . (ص/۸۳ ، رقم هامش : ۸)

شریعت کے اوامر ونواہی میں فرق کیوں؟

مسئلہ (۲۱۵): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ شریعت کے اوامر ونواہی میں فرض، واجب، سنت، مستحب اور حرام ومکروہِ تحریمی سے فرق کیوں کیا جاتا ہے؟

.....تو جواباً عرض ہے کہ دلائلِ شرعیہ کی چار قسمیں ہیں:

۱- جس دلیل کا ثبوت اور مفہوم ومدلول قطعی ہو، اسے قطعی الثبوت والدلالۃ کہتے ہیں، جیسے قرآن کریم کی آیاتِ مفسرہ ومحکمہ اور وہ سنتِ متواترہ جن کا مفہوم قطعی ہو۔

۲- جس دلیل کا ثبوت تو قطعی ہے، مگر اس کا مفہوم ومدلول ظنی ہو، اسے قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ کہتے ہیں، جیسے قرآن کریم کی وہ آیات جن میں تاویل کی گئی۔

۳- جس دلیل کا ثبوت ظنی ہو اور مفہوم ومدلول قطعی ہو، اسے ظنی الثبوت قطعی الدلالۃ کہتے ہیں، جیسے وہ اخبار وآحاد جن کا مفہوم قطعی ہو۔

۴- جس دلیل کا ثبوت اور مفہوم ومدلول دونوں ظنی ہوں، اسے ظنی الثبوت وظنی الدلالۃ کہتے ہیں، جیسے وہ اخبار وآحاد جن کا مفہوم ظنی ہو۔

دلیل کی پہلی قسم سے کسی شئ کی فرضیت وحرمت ثابت ہوتی ہے، دوسری اور تیسری قسم سے کسی شئ کا وجوب یا کراہتِ تحریمی ثابت ہوتی ہے، اور چوتھی قسم سے کسی شئ کی سنیت اور استحباب ثابت ہوتا ہے [1]، اس لیے یہ فرق کیا جاتا ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ... الأدلة السمعية أربعة : الأول : قطعي الثبوت والدلالة كنصوص القرآن المفسرة أو المحكمة ، والسنة المتواترة التي مفهومها قطعي .

الثاني : قطعي الثبوت ظني الدلالة كالآيات المؤولة . الثالث : عكسه كأخبار الآحاد= = التي مفهومها قطعي. الرابع : ظنيهما كأخبار الآحاد التي مفهومها ظني . فبالأول يثبت الافتراض والتحريم ، وبالثاني والثالث الإيجاب وكراهة التحريم ، وبالرابع تثبت السنية والاستحباب . (۹/۴۸۷ ، كتاب الحظر والإباحة)

کیسٹ سے قرآن کریم کی مشق

مسئلہ (۲۱۶): بذاتِ خود قرآن کریم کی تلاوت کرنا انتہائی اجر وثواب کا باعث ہے [۱]، لیکن اگر کوئی شخص از خود قرآن کریم کو صحیح نہ پڑھ سکتا ہو، اور صحت کے لیے کیسٹ چلا کر اس کے مطابق قرآن کریم کو پڑھنے کی کوشش کرتا ہو، تو یقیناً اس کا یہ عمل بھی ان شاء اللہ باعثِ اجر وثواب ہوگا۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أتل ما أوحي إليک من الكتٰب وأقم الصلوة﴾ . (سورة العنكبوت : ۴۵)

ما في " التفسير المنير " : ﴿أتل ما أوحي إليک من الكتٰب﴾ أي اقرأ يا محمد ، ومثلک كل مسلم وأدم تلاوة هذا القرآن وتبليغه للناس فإنه إمام ونور وهدى ورحمة ودليل خير ونجاة وعلاج ما استعصى من الأزمات والمحن وتخطى مراحل اليأس والقنوط . (۱۰/۲۲۳)

ما في " الحديث النبوي " : قال رسول الله ﷺ : " من قرأ حرفاً من كتاب الله فله به حسنة ، والحسنة بعشر أمثالها ، لا أقول ألم حرف ، لكن ألف حرف ، ولام حرف ، وميم حرف ، وقال : ما اجتمع قوم في بيت من بيوت الله يتلون كتاب الله ويتدارسونه بينهم إلا نزلت عليهم السكينة ، وغشيتهم الرحمة ، وحفتهم الملائكة ، وذكرهم الله فيمن عنده ". (كنز العمال : ۱/۲۶۱)

ما في " احياء علوم الدين " : قال رسول الله ﷺ : " وإن القلوب تصدأ كما يصدأ الحديد فقيل : يا رسول الله ! وما جلاؤها ؟ فقال : تلاوة القرآن وذكر الموت " . (۱/۲۷۳)

(۲) ما في " روح المعاني " : ﴿ولقد يسّرنا القراٰن للذكر فهل من مدّكر﴾ . [سورة القمر : ۱۷] أخرج ابن المنذر، وجماعة عن مجاهد أنه قال : يسرنا القرآن هوناً قراءته ، وأخرج ابن أبي حاتم عن ابن عباس : " لولا أن الله تعالى يسره على لسان الآدميين ما استطاع أحد من الخلق أن يتكلم الله تعالى " . (۱۵/۱۲۸)=

چوہوں کو زہر دے کر مارنا

مسئلہ (۲۱۷): کبھی گھروں میں چوہے بہت زیادہ ہوجاتے ہیں، اور گھروں میں موجود غلہ جات اور دیگر اسباب وسامان کو کافی نقصان پہنچاتے ہیں، تو ایسی صورت میں ان کو زہر دے کر مارنا، یا ویسے ہی مار دینا، دونوں صورتیں درست ہیں۔[1]

= ما في " مرقاة المفاتيح " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام البررة ، والذي يقرأ القرآن ويتتعتع فيه وهو عليه شاق ، له أجران " . متفق عليه . (۸/۵ ، كتاب فضائل القرآن)

ما في " قواعد الفقه " : " الأمور بمقاصدها " . (ص/۶۲) (فتاویٰ محمودیہ:۵۵۰/۳، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وجاز قتل ما يضرّ منها ككلب عقور وهرة تضر .

(۴۰۰/۱۰ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتىٰ ، دار الكتاب ديوبند)

ما في " البزازية على هامش الهندية " : المختار أن النملة إذا ابتدأت بالأذى لا بأس بقتلها، وإلا يكره ..... قتل القملة لا يكره ..... الهرة إذا كانت مؤذية لا تضرب ولا تعرك أذنها، بل تذبح بسكّين حادّ .

(۳۷۰/۶ ، كتاب الكراهية ، الفصل الثامن في القتل)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرر يزال " .

(۳۰۵/۱ ، القاعدة الخامسة ، درر الحكام : ۳۷/۱ ، المادة : ۲۰ ، القواعد الكلية والضوابط الفقهية :ص/۱۶۳ ، ترتيب اللآلي في سلك الأمالي : ص/۸۰۱ ، الأصول والقواعد للفقه الإسلامي : ص/۱۹۱ ، رقم القاعدة : ۱۸۴) (فتاویٰ محمودیہ:۲۷۹/۱۸)

غیبت حقوق العباد میں داخل ہے

مسئلہ (۲۱۸): اگر کوئی شخص کسی کی غیبت کرے، تو جس کی غیبت کی گئی، جب تک اُسے اپنی غیبت کا علم نہ ہو، یہ غیبت حقوق اللہ میں داخل ہے، جس کے لیے صرف توبہ واستغفار کافی ہوتا ہے، اور اگر اس شخص کو اپنی غیبت کا پتہ چل جائے، تو پھر یہ غیبت حقوق العباد میں داخل ہے، لہٰذا اُس سے معافی مانگنا ضروری ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أنس قال : قال رسول الله ﷺ : " إن من كفارة الغيبة أن تستغفر لمن اغتبته تقول : اللهم اغفرلنا وله " . رواه البيهقي في الدعوات الكبير .

(ص/۴۱۵ ، كتاب الآداب ، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم ، رقم الحديث : ۴۸۷۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والظاهر أن هذا إذا لم تصل الغيبة إليه ، وأما إذا وصلت إليه فلا بد من الاستحلال بأن تخبر صاحبها بما قال فيه ، ويتحللها منه ..... وفي روضة العلماء : سألت محمداً فقلت له : إذا صاحب الغيبة قبل وصولها إلى المغتاب عنه هل تنفعه توبته ؟ قال : نعم ؛ تنفعه توبته ، فإنه تاب قبل أن يصير الذنب ذنباً ، يعني ذنباً يتعلق به حق العبد ، قال : لأنها تصير ذنباً إذا بلغت إليه ،قلت : فإن بلغته إليه بعد توبته، قال : لا تبطل توبته بل يغفر الله لهما جميعاً ، المغتاب بالتوبة، والمغتاب عنه بما لحقه من المشقّة . (۹/۹۹)

ما في " التعليق الصبيح " : وقال النووي : رأيت في فتاوى الطحاوي انه يكفي الندم والاستغفار في الغيبة ، وإن بلغت فالطريق أن يأتي المغتاب ويستحلّ منه . (۵/۱۹۷)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۰۱۲)

حدیث" النفقة كلها في سبيل الله إلا البناء فلا خير فيه" کا مطلب

مسئلہ (۲۱۹): بعض لوگ آپ ﷺ کے ارشاد: " النفقة كلها في سبيل الله إلا البناء فلا خير فيه (پورا کا پورا انفقہ اللہ کی راہ میں ہے، سوائے تعمیر کے، کہ اس میں خیر نہیں) سے یہ سمجھتے ہیں کہ ہر تعمیر میں لگنے والا روپیہ خیر سے خالی ہے، جب کہ آپ ﷺ کے فرمان کی مراد یہ نہیں ہے، صحیح مراد یہ ہے کہ جو تعمیر محض دکھلاوا، تفاخر اور ضرورت سے زائد ہوگی، اس پر آنے والے اخراجات اِسراف میں داخل ہونے کی وجہ سے خیر سے خالی ہے، لہٰذا انسان اپنی ضرورت کے لیے جو بھی تعمیر کرے گا، خواہ وہ ضرورت ذاتی استعمال کی ہو، یا تجارتی، جیسا کہ آج کل تعمیرات نے مستقل پیشہ کی حیثیت اختیار کرلی، کہ تعمیراتی کمپنیاں، رہائشی کالونیاں، شاپنگ سینٹرس وغیرہ بنا کر فروخت کرتی ہیں، تو وہ اس حدیث کی وعید میں داخل نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أنس قال : قال رسول الله ﷺ : " النفقة كلها في سبيل الله إلا البناء فلا خير فيه " . رواه الترمذي ..... وعنه أن رسول الله ﷺ خرج يوماً ونحن معه فرأى قبة مشرفة ..... فقال : " أما إنّ كل بناء وبالٌ على صاحبه إلا ما لا ، إلا ما لا " يعني ما لا بدّ منه . رواه أبوداود .

(ص/ ۴۴۱ ، ۴۴۲ ، كتاب الرقاق ، الفصل الثاني ، قديمي ، جامع الترمذي : ۳۷۴/۳ ، رقم الحديث : ۲۴۸۲ ، باب النفقة كلها في سبيل الله إلا البناء ، بيروت)=

جنتی مرد کو حوریں ملیں گی، تو جنتی عورت کو کیا ملے گا؟

مسئلہ (۲۲۰): بعض لوگ یہ سوال کرتے ہیں کہ جب ایک جنتی مرد کو ستر ستر (۷۰،۷۰) حوریں ملیں گی، تو جنتی عورت کو کیا ملے گا؟ جواباً عرض ہے کہ جنتی عورتوں کو ان کے شوہر ملیں گے، جنہیں جنتی قوت اور حسن وغیرہ صفات عطا کی جائیں گی، اگر کسی عورت نے دنیا میں شادی نہ کی ہو، تو اس کو اختیار دیا جائے گا کہ جس مرد سے چاہے نکاح کرلے، اور اگر وہ کسی کو پسند نہ کرے تو حق تعالیٰ حورِ عین میں سے ایک مرد پیدا کرکے اس کے ساتھ اس کا نکاح کردیں گے، اور جس عورت کے کئی نکاح یکے بعد دیگرے ہوئے تو اس سلسلے میں دو قول ہیں:

۱- آخری خاوند سے اس کا نکاح ہوگا۔

۲- اسے اختیار دیا جائے گا کہ جس خاوند سے چاہے نکاح کرلے۔[1]

= ما في " مرقاة المفاتيح " : (يعني ما لا بدّ منه) ..... قيل : معنى الحديث أن كل بناء بناه صاحبه فهو وبالٌ أي عذاب في الآخرة ..... أراد ما بناه للتفاخر والتنعّم فوق الحاجة، لا أبنية الخير من المساجد والمدارس والرباطات فإنها من الآخرة ، وكذا ما لا بدّ منه للرجل من القوت والملبس والمسكن .

(۳۷۹/۹ ، تحت رقم : ۵۱۸۴ ، شرح الطيبي : ۳۴۹/۹ ، مكتبه زكريا بكڈپو ديوبند)

ما في " تحفة الأحوذي " : (فلا خير فيه) أي : في الإنفاق فيه ، فلا أجر فيه ، وهذا في بناء لم يقصد به قربة ، أو كان فوق الحاجة . (۲۲۸/۷ ، تحت رقم : ۲۴۸۲ ، دار احياء التراث ومؤسسة التاريخ العربي بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱۱۰۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى عبد الحي عن الغرائب " : اختلف الناس في المرأة التي يكون لها زوجان في الدنيا، لأيهما تكون في الآخرة ؟ قيل : تكون لآخرهما ، وقيل : تخير فتختار أيهما شاء .

(فتاویٰ عبد الحی اردو: ص/۴۸۲ ، رقم الفتویٰ :۷۶۵ ، ۷۶۶ ، مکتبہ تھانوی دیوبند)=

انتقاماً سامنے والے کا جوابی فون ریسیو نہ کرنا

مسئلہ (۲۲۱): بعض لوگ اپنی ضرورت سے کسی کو فون لگاتے ہیں، جسے فون لگایا گیا وہ اپنی مصروفیت، مشغولیت یا کسی مصلحت کی وجہ سے فون نہیں اٹھاتا، گھنٹی بج بج کر بند ہو جاتی ہے، اور کال، مِس کال ہو جاتی ہے، تو یہ فون لگانے والا شخص اس قدر ناراض ہو جاتا ہے کہ جب سامنے والے شخص کا جوابی فون آتا ہے، تو یہ بھی ناراضگی کے اظہار میں یا انتقاماً، اس کا فون ریسیو نہیں کرتا، شرعاً یہ رویہ اسلامی اخلاق کے خلاف ہے، کیوں کہ جب شریعت نے دور سے ملنے آنے والے شخص سے ملنا اہلِ خانہ پر لازم نہیں کیا، تو فون پر رابطہ کرنے والے کی کال ریسیو کرنا بطریقِ اولیٰ لازم نہیں ہوگا۔[1]

= ما في " فتاوى احياء العلوم عن مجموعة الفتاوى للشيخ اللكنوي عن الغرائب " : ولو ماتت قبل أن تتزوج تخير أيضاً إن رضيت بآدمي زوجت منه وإن لم ترض فالله يخلق ذكرًا من العين فيزوجها منه . (ص/۳۳۸، كتاب المتفرقات ، شعبه نشر واشاعت جامعه عربيه احياء العلوم مباركپور اعظم گڈه)

(فتاویٰ نظامیہ: ۱/۴۳۹، مسائل متفرقہ، ساجدہ بکڈپو محلّہ دیوان دیوبند، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۹۵۴۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين امنوا لا تدخلوا بيوتاً غير بيوتكم حتى تستأنسوا وتسلّموا على أهلها ، ذلكم خير لكم لعلكم تذكّرون ، فإن لم تجدوا فيها أحدًا فلا تدخلوها حتى يؤذن لكم، وإن قيل لكم ارجعوا فارجعوا هو أزكى لكم ، والله بما تعملون عليم﴾ . (سورة النور : ۲۷ – ۲۸)=

دودھ نکالنے کا ایک نیا طریقہ

مسئلہ (۲۲۲): آج کل مواشی رکھنے والوں نے بھینس کا دودھ نکالنے کی ایک تدبیر یہ نکالی ہے کہ جو بھینس دودھ نہ دے، اور دو چار گھنٹے اس کے نیچے بیٹھے رہیں، لیکن وہ لات مارتی ہے، تو میڈیکل اسٹور سے ایک دوا کی چھوٹی شیشی خرید کر سرنج میں بھر کر بھینس کو لگاتے ہیں، جس سے بھینس اپنا پورا دودھ تھنوں میں

= ما في " أحكام القرآن للجصاص " : حُظِر الدخول إلا بالإذن ، فدل على أن الإذن مشروط في إباحة الدخول ..... ويدل على أن للرجل أن ينهى من لا يجوز له دخول داره عن الوقوف على باب داره أو القعود عليه ، لقوله تعالى : ﴿وإن قيل لكم ارجعوا فارجعوا هو أزكى لكم﴾ . (۳/۴۰۴ – ۴۰۶)

ما في " السنن لأبي داود " : عن أبي موسى أنه أتى عمر فاستأذن ثلاثاً ، فقال : يستأذن أبو موسى يستأذن الأشعري ، يستأذن عبد الله بن قيس ، فلم يأذن له فرجع ، فبعث إليه عمر ما ردك ؟ قال : قال رسول الله ﷺ : " يستأذن أحدكم ثلاثاً ، فإن أذن له وإلا فليرجع " . قال : ائتني ببينة على هذا ، فذهب ثم رجع فقال : هذا أبيّ ، فقال أبيّ : يا عمر! لا تكن عذاباً على أصحاب رسول الله ﷺ فقال عمر: لا أكون عذاباً على أصحاب رسول الله ﷺ .

(ص/۷۰۴ ، كتاب الأدب ، باب كم مرة يسلم الرجل في الاستيذان)

ما في " الموسوعة الفقهية " : من استأذن فأذن له دخل وإن لم يؤذن له فلينصرف ، ولا يُلَحُّ بالاستيذان، ولا يتكلم بقبيح الكلام ، ولا يقعد على الباب لينتظر، لأن للناس حاجات وأشغالاً في المنازل . (۳/۱۵۲)

ما في " قواعد الفقه " : ترك الإحسان لا يكون إساءة . (ص/۷۰ ، رقم المادة : ۸۲)

اتار لیتی ہے، جس سے آسانی سے دودھ نکالا جاتا ہے، دودھ نکالنے کی یہ صورت شرعاً جائز ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے حیوانات کو انسان کے نفع کے لیے پیدا فرمایا[۱]، اس لیے اس سے انتفاع میں ان کو کچھ تکلیف بھی ہو، تو کوئی حرج نہیں[۲]، اسی لیے گوشت کی بہتری کی غرض سے حیوان کا خصی کرنا بالاتفاق جائز ہے، آپ ﷺ نے خصی دنبوں کی قربانی کی ہے[۳]، جب کہ خصی کرنے کی تکلیف انجکشن لگانے سے بہت زیادہ ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والأنعام خلقها لكم فيها دفء ومنافع ومنها تأكلون﴾ . (سورة النحل : ۵)

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : وقد قال علماؤنا : وكره السلخ قبل أن تبرد ، وكل تعذيب بلا فائدة لهذا الحديث .

(۱۴/۸ ، كتاب الصيد والذبائح ، الفصل الأول ، تحت رقم الحديث : ۴۰۷۳)

ما في " تبيين الحقائق " : والأصل أن إيصال الألم إلى الحيوان لا يجوز شرعًا إلا لمصالح تعود عليه . (۴۶۵/۷ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، كذا في البحر الرائق : ۳۵۹/۹ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكره كل تعذيب بلا فائدة .

(۳۵۸/۹ ، كتاب الذبائح)

(۳) ما في " البحر الرائق " : قال رحمه الله : (وخصى البهائم) يعني يجوز لأنه عليه الصلاة والسلام ضحى بكبشين أملحين موجوأين ، والموجوء هو الخصى ، ولأن لحمه يطيب به ويترك النكاح فكان حسنًا .... ان البهائم كانت تكثر في زمنه ﷺ فتكوى بالنار لأجل المنفعة للمالك ، فكذا يجوز هذا الفعل (الخصى) لتعود المنفعة للمالك .... وفي المحيط : ان الأصل إيصال الألم إلى الحيوان لمصلحة تعود إلى الحيوان يجوز . (۳۷۴/۸ ، ۳۷۵ ، كتاب الكراهية ، فصل في البيع)=

دودھ نکالنے کی ایک نئی ترکیب

مسئلہ (۲۲۳): جب کسی دودھ دینے والی بھینس یا گائے کا بچہ مرجاتا ہے، اور وہ دودھ دینے میں پریشان کرنے لگتی ہے، تو اس کا دودھ نکالنے کے لیے یہ ترکیب اپنائی جاتی ہے کہ کسی چیز سے بچہ کی صورت بنا کر اس بھینس یا گائے کے سامنے رکھ دی جاتی ہے، جسے وہ اپنا بچہ سمجھ کر دودھ اُتار لیتی ہے، اور دودھ نکالنا آسان ہوجاتا ہے، یہ ترکیب شرعاً درست ہے، جب کہ اس کے سامنے رکھے جانے والے مصنوعی بچہ کا چہرہ اور آنکھیں پوری طرح ظاہر نہ ہوں، بلکہ ایسے ہی ایک شکل بنادی گئی ہو۔ (۱)

= ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وجاز خصاء البهائم ... وقيدوه بالمنفعة وإلا فحرام . تنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله : قوله : (قيدوه) أي جواز البهائم بالمنفعة وهي إرادة سمنها أو منعها عن العض .

(۹/۴۷۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع) (احسن الفتاویٰ:۸/۲۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا كانت الصورة مجسمة كانت أو مسطحة مقطوعة عضو لا تبقى الحياة معه ، فإن استعمال الصورة حينئذ جائز ، وهذا قول جماهير العلماء من الحنفية والمالكية والشافعية والحنابلة . (۱۲/۱۱۷ ، تصوير)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : أو مقطوعة الرأس أو الوجه أو ممحوحة عضو لا تعيش بدونه أو لغير ذي روح لا يكره . تنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله : قوله : (أو مقطوعة الرأس) أي سواء كان من الأصل أو كان لها رأس ومحي .

(۲/۳۶۱ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة الخ ، كذا في البحر الرائق : ۲/۵۰ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، كذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : ص/۳۶۲ ، فصل في المكروهات)

(احسن الفتاویٰ:۸/۱۸۷، امداد الفتاویٰ:۴/۱۵۴، فتاویٰ محمودیہ:۱۸/۲۴۷، کراچی، ۲۷/۱۴۸، میرٹھ)

زبان کا کوئی مذہب نہیں

مسئلہ (۲۲۴): بعض لوگ انگریزی، مراٹھی اور ہندی زبانوں کو غیر اسلامی زبانیں قرار دے کر، اپنے بچوں کو ان کے سیکھنے سے منع کرتے ہیں، اُن کا یہ عمل درست نہیں ہے، کیوں کہ کوئی زبان فی نفسہٖ ناجائز اور غیر اسلامی نہیں ہے، بلکہ الگ الگ زبانیں یا لب ولہجہ یہ قدرت کی عظیم نشانیوں میں سے ہے، نیز کسی زبان کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، بلکہ کسی مذہب کی کوئی زبان ہوتی ہے، اور محض اس وجہ سے کہ وہ کسی مذہب کی زبان ہے، اُسے غیر اسلامی اور غیر شرعی نہیں کہا جاسکتا، لیکن عام طور پر چونکہ مذکورہ زبانوں کی تعلیم بے دینی کے ماحول میں دی جاتی ہے، اس لیے علماء کرام اِس سے احتراز کی بات لکھتے ہیں، مگر جب ان زبانوں کی تعلیم اسلامی ماحول میں دی جائے، تو ان کے جواز میں کوئی شبہ نہیں، اور ان زبانوں کا سیکھنا نہ صرف مستحب بلکہ جب اِن سے مصلحتِ عامہ وابستہ ہوجائے تو فرضِ کفایہ ہے، جس کی طرف ہم مسلمانوں کو توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومن ايٰته خلق السمٰوٰت والأرض واختلاف ألسنتكم وألوانكم إن في ذلك لآيٰت للعٰلمين﴾ . (سورة الروم : ۲۲)

ما في " تفسير المظهري " : أي لغاتكم بأن علّم كل صنف لغة وألهمه وأقدره عليها أو أجناس نطقكم وأشكاله وكيفيات أصواتكم بحيث لا يكاد يلتبس صوت أحد بغيره . (۲۳٦/۷)

ما في " روح المعاني " : أي لغاتكم بأن علّم سبحانه كل صنف لغته أو ألهمه جلّ وعلا وضعها وأقدره عليها ، فصار بعض يتكلم بالعربية وبعض بالفارسية وبعض بالرومية إلى غير ذلك مما الله تعالى أعلم بكميته . (۴۸/۱۲)

والدین، استاد یا اہلِ علم کی تعظیم میں کھڑا ہونا

مسئلہ (۲۲۵): والدین، استاد، اہلِ علم یا دوسرے قابلِ تعظیم افراد کے لیے کھڑا ہونا بغرضِ اکرام جائز ہے، بلکہ فقہاء کرام نے اسے مستحب لکھا ہے۔[1]

ما في " التفسير المنير " : إن في ذلک المذکور لآيات دالة على تمام القدرة الإلٰهية لقوم ذوي عقول نافذة، وأفكاره مبصرة ، وعلوم نافعة تهديهم إلى الحق ، وترشدهم إلى التفكير في المخلوقات ، وتبين لهم أنها خلقت لحكمة بالغة ، ومصلحة راقية ، لا عبثًا ولا فسادًا . (۱۱/۷۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يباح تعليم غير العربية للأفراد ، وقد تستحب لهم ، ويجب تعلمها وجوب كفاية للمصلحة العامة ، كاتقاء شر الأعداء ، وقد ورد عن زيد بن ثابت رضي الله عنه أنه قال: " أمرني رسول الله ﷺ أن أتعلّم له كتاب يهود ، قال: إني والله لا آمن يهود على كتاب " قال : فما مرّ بي نصف شهر حتى تعلّمته له ، قال: فما تعلّمته كان إذا كتب إلى يهود كتبتُ إليهم ، وإذا كتبوا له قرأتُ له كتابهم ، وفي رواية : " أنه أمره أن يتعلم السريانية " والإسلام رسالة عالمية ، قال تعالى : ﴿قل يآيها الناس إني رسول الله إليكم جميعًا﴾ . [الأعراف : ۱۵۸] ويجب على المسلمين تبليغ الرسال إلى الناس جميعًا بلغة يفهمونها وجوب كفاية .

(۳۵/۲۷۸ ، لغة ، تعلّم غير العربي من اللغات)

ما في " رد المحتار " : قال في تبيين المحارم : وأما فرض الكفاية من العلم فهو كل علم لا يستغنى عنه في قوام أمور الدنيا كالطب والحساب والنحو واللغة والكلام والقراءات ..... وأصول الصناعات والفلاحة كالحياكة والسياسة والحجامة .

(۱/۱۲۲ ، مقدمة ، مطلب في فرض الكفاية وفرض العين) (احسن الفتاویٰ:۸/۲۰۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي سعيد أن أهل قريظة نزلوا على حكم سعد فأرسل النبي ﷺ إليه فقال : " قوموا إلى سيدكم " . الحديث .

(۲/۹۲۶ ، كتاب الاستئذان ، باب قول النبي ﷺ : قوموا إلى سيدكم)=

= ما في " حاشية صحيح البخاري " : وفيه استحباب القيام عند دخول الأفضل وهو غير القيام المنهي ، لأن ذلك بمعنى الوقوف ، وهذا بمعنى النهوض . (۹۲۶/۲)

ما في " عمدة القاري شرح صحيح البخاري " : وفيه : أمر السلطان والحاكم بإكرام السيد من المسلمين ، وجواز إكرام أهل الفضل في مجلس السلطان الأكبر ، والقيام فيه لغيره من أصحابه ..... وقال الخطابي : في حديث الباب جواز إطلاق السيد على الحبر الفاضل ، وفيه : أن قيام المرؤوس للرئيس الفاضل والإمام العادل والمتعلّم للعالم مستحب ..... وعن أبي الوليد بن رشد : أن القيام على أربعة أوجه : ..... والثالث : جائز وهو أن يقع على سبيل البر والإكرام لمن لا يريد ذلك ، ويؤمن معه التشبه بالجبابرة ..... وقال البيهقي : القيام على وجه البر والإكرام جائز كقيام الأنصار لسعد . (۳۹۱/۲۲ ، تحت رقم : ۶۲۶۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وقال بعض العلماء : في الحديث إكرام أهل الفضل من علم أو صلاح أو شرف بالقيام لهم إذا أقبلوا احتج بالحديث جماهير العلماء .... وقال النووي : هذا القيام للقادم من أهل الفضل مستحب ..... وقال الإمام حجة الإسلام : القيام مكروه على سبيل الإعظام لا على سبيل الإكرام ، ولعله أراد بالإكرام القيام للتحية بمزيد المحبة كما تدل عليه المصافحة ، وبالإعظام التمثل له بالقيام وهو جالس على عادة الأمراء الفخام والله اعلم بكل حال ومقام .

(۵۰۸/۸ ، ۵۰۹ ، كتاب الأدب ، باب القيام ، تحت رقم : ۴۶۹۵)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي " الوهبانية " : يجوز بل يندب القيام تعظيمًا للقادم كما يجوز القيام ، ولو لقارئ بين يدي العلم . الدر المختار . قال العلامة ابن عابدين الشامي رحمه الله: أي إن كان ممن يستحق التعظيم ، قال في " القنية " : قيام الجالس في المسجد لم دخل عليه تعظيمًا ، وقيام قارئ القرآن لمن يجيء تعظيمًا لا يكره إذا كان ممن يستحق التعظيم .

(۴۶۸/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في البيع) (فتاویٰ عثمانی:۲۹۵/۱)

مصادر ومراجع

کتبِ عقائد

۱	الزواجر عن اقتراف الکبائر	علامہ ابن حجر ھیثمی	مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز
۲	الابانہ عن أصول الدیانہ	امام ابوالحسن علی بن اسماعیل اشعری	دار ابن حزم
۳	القول المفید علی کتاب التوحید	محمد بن صالح عثیمین	دار ابن الجوزی

کتب تفاسیر

۴	تفسیر المظہری	قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی	مکتبہ زکریا دیوبند
۵	روح المعانی	امام شہاب الدین سید محمد محمود آلوسی بغدادی	// //
۶	تفسیر الکبیر	امام فخر الدین رازی شافعی	علوم اسلامیہ اردو بازار لاہور
۷	البحر المحیط	امام ابوحیان غرناطی اندلسی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۸	فتح القدیر فی علم التفسیر	امام محمد بن علی بن محمد شوکانی	// //
۹	التفسیر المنیر	دکتور وہبہ زحیلی	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
۱۰	تفسیر ابن کثیر	علامہ ابن کثیر دمشقی	مکتبہ الاشرفی دیوبند
۱۱	مختصر تفسیر ابن کثیر	//	دار القرآن الکریم دمشق
۱۲	الدر المنثور فی التفسیر الماثور	امام جلال الدین سیوطی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۳	حاشیۃ القونوی علی البیضاوی	امام عصام الدین اسماعیل بن محمد حنفی	// //
۱۴	معارج التفکر ودقائق التدبر	امام عبد الرحمٰن حبنکہ المیدانی	دار القلم دمشق
۱۵	تاویلات اہل السنۃ	امام ابومنصور ماتریدی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۶	المحرر الوجیز	قاضی ابومحمد عبد الحق بن غالب بن عطیہ اندلسی	// //
۱۷	تفسیر ابی السعود	قاضی محمد بن محمد بن مصطفیٰ العمادی حنفی	دار الفکر دمشق

۱۸	تفسیر طبری	امام محمد بن جریر طبری	دار المعرفۃ بیروت
۱۹	تفسیر النسفی	ابو البرکات عبد اللہ بن احمد بن محمود نسفی	مکتبہ رحمانیہ لاہور
۲۰	الجامع لاحکام القرآن	امام ابو عبد اللہ احمد انصاری قرطبی	مکتبۃ الغزالی دمشق
۲۱	احکام القرآن	افادات حکیم الامت تھانوی	ادارۃ القرآن کراچی
۲۲	احکام القرآن	امام ابو بکر بن علی رازی جصاص	مکتبہ شیخ الہند دیوبند
۲۳	بیان القرآن	حکیم الامت علامہ تھانوی	ادارہ تالیفات اشرفیہ
۲۴	معارف القرآن	مفتی اعظم پاکستان مولانا محمد شفیع صاحب	فرید بکڈپو دیوبند

کتب احادیث

۲۵	صحیح بخاری	امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری	مکتبہ بلال دیوبند/ بیروت
۲۶	صحیح مسلم	امام ابو الحسن مسلم بن حجاج قشیری	// //
۲۷	سنن ابی داؤد	امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی	مکتبہ بلال دیوبند
۲۸	جامع ترمذی	امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسی ترمذی	مکتبہ بلال/ بیروت
۲۹	سنن نسائی	امام ابو عبد الرحمٰن بن شعیب بن علی نسائی	یاسر ندیم اینڈ کمپنی/ بیروت
۳۰	سنن ابن ماجہ	امام ابن ماجہ قزوینی	مکتبہ بلال دیوبند
۳۱	مشکوۃ المصابیح	شیخ ولی الدین خطیب تبریزی بغدادی	یاسر ندیم اینڈ کمپنی
۳۲	مؤطا امام مالک	امام دار الہجرۃ مالک بن انس	مکتبہ بلال دیوبند
۳۳	مسند احمد	امام احمد بن محمد بن حنبل	دار الفکر دمشق
۳۴	سنن دار قطنی	امام حافظ علی بن عمر	دار الایمان/ دار المحاسن قاہرہ
۳۵	معجم کبیر طبرانی	امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی	دار احیاء التراث العربی
۳۶	معجم اوسط طبرانی	//	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۳۷	سنن کبری بیہقی	امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی	// //

۳۸	شعب الایمان	//	// //
۳۹	الآداب للبیہقی	//	// //
۴۰	دلائل النبوۃ للبیہقی	//	// //
۴۱	مصنف عبدالرزاق	حافظ ابوبکر عبدالرزاق ابن ہمام صنعانی	المجلس العلمی سملک سورت
۴۲	عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی	حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن اسحاق دینوری	مؤسسۃ الکتب الثقافیۃ
۴۳	فیض القدیر للمناوی	شیخ عبدالرؤف المناوی	دار المعرفۃ بیروت
۴۴	نیل الاوطار للشوکانی	امام محمد بن علی بن محمد شوکانی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۴۵	جمع الجوامع	امام جلال الدین سیوطی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۴۶	مجمع الزوائد	علامہ شیخ نور الدین ھیثمی	// //
۴۷	کنز العمال	علامہ علاء الدین علی متقی ہندی	// //
۴۸	الادب المفرد للبخاری	امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری	
۴۹	نصب الرایہ	امام جمال الدین زیلعی حنفی	دار الایمان سہارنپور
۵۰	تحفۃ الاشراف	حافظ جمال الدین یوسف بن عبدالرحمن المزی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۵۱	حاشیہ بخاری	حافظ احمد علی سہارنپوری/ شیخ محمد قاسم نانوتوی	مکتبہ بلال/ دار السلام
۵۲	فیض الباری شرح البخاری	علامہ شیخ انور شاہ کشمیری	مکتبہ شیخ الہند/ بیروت
۵۳	فتح الباری شرح البخاری	امام حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی	دار السلام ریاض
۵۴	عمدۃ القاری شرح البخاری	امام بدر الدین عینی	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
۵۵	لامع الدراری علی البخاری	شیخ محمد زکریا کاندھلوی	مکتبہ اشرفیہ دیوبند
۵۶	مقدمۃ لامع الدراری علی البخاری	//	// //
۵۷	کشف الباری شرح البخاری	مولانا سلیم اللہ خان صاحب	مکتبہ فاروقیہ کراچی
۵۸	التلخیص الحبیر	امام حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی	مؤسسۃ قرطبۃ
۵۹	شرح النووی علی مسلم	امام ابوزکریا محی الدین یحی بن شرف النووی	مکتبہ بلال/ بیروت

۶۰	تکملۃ فتح الملہم	شیخ شبیر احمد عثمانی/مفتی تقی عثمانی	داراحیاء التراث العربی
۶۱	معالم السنن	امام ابوسلیمان حمد بن محمد الخطابی البُستی	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۶۲	حاشیہ ابن العربی مع ابی داود	ابن العربی	مکتبہ دارالسلام سہارنپور
۶۳	بذل المجہود	علامہ شیخ خلیل احمد سہارنپوری	دارالبشائر الاسلامیۃ بیروت
۶۴	تعلیق علی ہامش بذل المجہود	شیخ تقی الدین ندوی	// //
۶۵	عون المعبود	شیخ ابوعبدالرحمٰن شرف الحق عظیم آبادی	بیت الافکار/احیاء التراث
۶۶	فضل المعبود اردو	شیخ الحدیث مولانا منظور احمد	المصباح اردو بازار لاہور
۶۷	عارضۃ الاحوذی	امام ابن العربی المالکی	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۶۸	تحفۃ الاحوذی	شیخ عبدالرحمٰن مبارکپوری	احیاء التراث/مؤسسۃ التاریخ
۶۹	العرف الشذی	علامہ شیخ انور شاہ کشمیری	داراحیاء التراث العربی
۷۰	حاشیہ ابن ماجہ	شیخ عبدالغنی مجددی دہلوی مدنی	مکتبہ دارالسلام سہارنپور
۷۱	شروح ابن ماجہ	شروحات مختلفہ، تحقیق رائد بن صبری ابن ابی علفہ	بیت الافکار الدولیۃ
۷۲	مرقاۃ المفاتیح	علامہ شیخ ملا علی قاری حنفی	مکتبہ اشرفیہ دیوبند
۷۳	شرح الطیبی	امام شرف الدین حسین بن محمد بن عبداللہ طیبی	مکتبہ زکریا دیوبند
۷۴	التعلیق الصبیح	علامہ ادریس کاندھلوی	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
۷۵	اشعۃ اللمعات	علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی	کتب خانہ مجیدیہ ملتان
۷۶	اوجز المسالک	شیخ محمد زکریا کاندھلوی	دارالقلم دمشق
۷۷	شرح الزُّرقانی	محمد بن عبدالباقی بن یوسف الزرقانی	داراحیاء التراث العربی
۷۸	شرح معانی الآثار	ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ازدی طحاوی	ہندی/بیروت
۷۹	اعلاء السنن	علامہ شیخ ظفر احمد عثمانی	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۸۰	معارف الحدیث	مولانا محمد منظور نعمانی	دارالاشاعت کراچی

کتب فقہ وفتاویٰ عربی

۸۱	المبسوط	شیخ الاسلام ابوبکر محمد بن احمد سرخسی	دارالکتب العلمیۃ/ دارالمعرفۃ
۸۲	تنویر الابصار مع الدر والرد	امام محمد بن عبداللہ تمرتاشی	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۸۳	الدر المختار مع الشامی	علامہ شیخ علاء الدین حصکفی	بیروت/ دار الثقافۃ دمشق
۸۴	ردالمحتار (شامی)	علامہ محمد امین ابن عابدین شامی	بیروت/ دیوبند/نعمانیہ
۸۵	فتح القدیر	محقق ابن ہمام حنفی	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۸۶	البحر الرائق	علامہ زین الدین (ابن نجیم حنفی)	// //
۸۷	منحۃ الخالق علی البحر الرائق	علامہ محمد امین ابن عابدین شامی	// //
۸۸	تبیین الحقائق	امام فخر الدین عثمان بن علی زیلعی	// //
۸۹	النہر الفائق	امام سراج الدین ابن نجیم حنفی	// //
۹۰	تحفۃ الفقہاء	علامہ شیخ علاء الدین محمد سمرقندی	// //
۹۱	بدائع الصنائع	ملک العلماء شیخ علاء الدین کاسانی	دارالکتاب دیوبند/ بیروت
۹۲	تعلیق بدائع الصنائع	شیخ علی محمد معوض/ شیخ عادل احمد الموجود	دارالکتب العلمیۃ بیروت
۹۳	الفتاوی الہندیۃ	شیخ نظام وجماعت علماء ہند	مکتبہ زکریا دیوبند
۹۴	الفتاوی البزازیۃ علی ہامش الہندیۃ	امام حافظ الدین محمد بن محمد (ابن بزاز)	// //
۹۵	فتاوی قاضیخان علی ہامش الہندیۃ	امام فخر الدین حسن بن منصور اوزجندی	مکتبہ زکریا/ مکتبہ حقانیہ
۹۶	الفتاوی التاتارخانیہ	علامہ شیخ عالم بن علاء دہلوی ہندی	دارالایمان سہارنپور
۹۷	حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی	علامہ احمد بن محمد بن اسماعیل طحطاوی حنفی	مکتبہ شیخ الہند/ مکتبہ اشرفیہ
۹۸	الفقہ الاسلامی وأدلتہ	دکتور وہبہ زحیلی	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
۹۹	حاشیۃ الفقہ الاسلامی وادلتہ	//	// //
۱۰۰	الموسوعۃ الفقہیۃ	وزارۃ الاوقاف والشؤون الاسلامیۃ	وزارۃ الاوقاف کویت

۱۰۱	مراقی الفلاح	علامہ شیخ حسن بن عمار بن علی شرنبلالی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۰۲	السعایہ شرح الوقایہ	علامۃ الہند محمد عبد الحی لکھنوی	سہیل اکیڈمی لاہور
۱۰۳	حلبی کبیر	علامہ شیخ ابراہیم حلبی	سہیل اکیڈمی لاہور
۱۰۴	المحیط البرہانی	علامہ محمود بن احمد بخاری	دار احیاء التراث العربی
۱۰۵	خلاصۃ الفتاوی	امام طاہر بن عبد الرشید بخاری	مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ
۱۰۶	مختصر القدوری	امام احمد بن محمد بن جعفر بغدادی القدوری	بلال بکڈپو دہلی
۱۰۷	حاشیۃ القدوری	علامہ شیخ نظام الدین کیرانوی	// //
۱۰۸	الجوہرۃ النیرۃ	علامہ ابوبکر بن علی الحداد	مکتبہ تھانوی دیوبند
۱۰۹	مجمع الانہر	شیخ عبد الرحمٰن بن محمد (شیخی زادہ)	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۱۰	الدر المنتقی شرح الملتقی	شیخ محمد بن علی (علاء حصکفی)	// //
۱۱۱	الاختیار لتعلیل المختار	علامہ شیخ ابن مودود موصلی حنفی	دار الرسالۃ العالمیۃ دمشق
۱۱۲	الفقہ الحنفی فی ثوبہ الجدید	شیخ عبد الحمید محمود طہماز	دار القلم دمشق
۱۱۳	النتف فی الفتاوی	امام ابو الحسن علی بن حسین سغدی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۱۴	الہدایہ	امام برہان الدین مرغینانی	قدیمی ہندی
۱۱۵	الفتاوی الولوالجیہ	امام ابو الفتح ظہیر الدین عبد الرشید الولوالجی	دار الایمان سہارنپور
۱۱۶	مجمع البحرین وملتقی النیرین	امام مظفر الدین (ابن ساعاتی حنفی)	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۱۷	تیسیر الفقہ الحنفی	شیخ ابوذر حسن الفاضلی	// //
۱۱۸	شرح الوقایہ	صدر الشریعۃ عبید اللہ بن مسعود	مکتبہ رحیمیہ دیوبند
۱۱۹	کتاب التجنیس والمزید	امام علی بن ابی بکر بن عبد الجلیل مرغینانی	ادارۃ القرآن کراچی
۱۲۰	الہدیۃ العلائیۃ	محمد علاء الدین بن محمد امین عابدین دمشقی	دار ابن حزم بیروت
۱۲۱	البحر العمیق	امام ابو البقاء محمد بن احمد بن محمد بن ضیاء مکی	مؤسسۃ الریان/ المکتبۃ المکیۃ
۱۲۲	فتاوی ابن نجیم	علامہ زین الدین (ابن نجیم حنفی)	المکتبۃ الازہریۃ للتراث

۱۲۳	فتاوی الامام النووی	شیخ علاء الدین بن العطار	دار الحدیث القاہرۃ
۱۲۴	روضۃ الطالبین للنووی	محی الدین یحی بن شرف ابی زکریا النووی	المکتب الاسلامی
۱۲۵	فتاوی شرعیہ معاصرہ	محمد ابراہیم الحفناوی	دار الحدیث القاہرۃ
۱۲۶	اللباب فی شرح الکتاب	شیخ عبد الغنی الغنیمی المیدانی	قدیمی کتب خانہ کراچی
۱۲۷	نور الایضاح ونجاۃ الارواح	فقیہ نبیل شیخ حسن بن علی شرنبلالی	مکتبہ کنوز العلم/ مکتبہ بلال
۱۲۸	حاشیۃ الاصباح علی نور الایضاح	علامہ شیخ محمد اعزاز علی دیوبندی	// //
۱۲۹	اشرف الایضاح علی نور الایضاح	مختار علی	// //
۱۳۰	حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر	محمد بن احمد بن عرفۃ الدسوقی	دار الفکر دمشق
۱۳۱	الانصاف للمرداوی	علاء الدین ابی الحسن علی بن سلیمان مرداوی حنبلی	دار احیاء التراث العربی
۱۳۲	المغنی والشرح الکبیر	موفق الدین وشمس الدین ابنی قدامۃ	دار الفکر دمشق
۱۳۳	مغنی المحتاج شرح منہاج الطالبین	محمد بن احمد الشربینی شمس الدین	// //
۱۳۴	کشاف القناع	بحوالہ الموسوعۃ الفقہیۃ	// //
۱۳۵	المہذب للشیرازی	امام ابو اسحٰق شیرازی	مطبع عیسی الحلبی
۱۳۶	المجموع شرح المہذب للنووی	امام یحی بن شرف النووی	دار الفکر دمشق
۱۳۷	فتاوی ابن حجر	علی شبکۃ الانترنیت	
۱۳۸	مختصر اختلاف العلماء	ابو جعفر طحاوی/ ابو بکر احمد بن علی جصاص	دار البشائر الاسلامیۃ بیروت
۱۳۹	غنیۃ الناسک فی بغیۃ المناسک	بحوالہ فتاوی محمودیہ میرٹھ/ کتاب الفتاوی	مطبوعۃ الخیریۃ میرٹھ
۱۴۰	تحفۃ المودود باحکام المولود	شمس الدین بن ابو بکر ابن قیم الجوزیۃ	مکتبہ نزار مصطفی الباز
۱۴۱	اتحاف اولی الالباب بحقوق الطفل	ابو عبد اللہ احمد بن احمد العیسوی	دار الکیان الریاض
۱۴۲	نوازل فقہیۃ معاصرۃ	شیخ خالد سیف اللہ رحمانی	مکتبہ الصحوۃ کویت
۱۴۳	بحوث فی قضایا فقہیۃ معاصرۃ	شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی	مکتبہ وحیدیہ دہلی

کتب فقہ وفتاویٰ اردو

۱۴۴	فتاوی محمودیہ	علامہ مفتی محمود حسن گنگوہی	فاروقیہ کراچی/محمودیہ میرٹھ
۱۴۵	حاشیہ فتاوی محمودیہ	دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی	// //
۱۴۶	فتاوی رحیمیہ	علامہ مفتی عبدالرحیم لاجپوری	دارالاشاعت کراچی
۱۴۷	خیر الفتاوی	علامہ مفتی خیر محمد جالندھری	مکتبہ الحق جوگیشوری
۱۴۸	احسن الفتاوی	علامہ مفتی رشید احمد پاکستانی	دارالاشاعت دیوبند
۱۴۹	امداد الفتاوی	علامہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی	دارالعلوم کراچی
۱۵۰	فتاوی حقانیہ	علامہ مفتی عبدالحق پاکستانی	دارالعلوم حقانیہ پاکستان
۱۵۱	فتاوی بنوریہ	علی شبکۃ الانترنیت	ویب جامعہ بنوریہ
۱۵۲	کتاب الفتاوی	علامہ شیخ خالد سیف اللہ رحمانی	کتب خانہ نعیمیہ دیوبند
۱۵۳	فتاوی عثمانی	علامہ مفتی محمد تقی عثمانی	معارف القرآن کراچی
۱۵۴	فتاوی دارالعلوم	علامہ مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی	دارالعلوم دیوبند
۱۵۵	کفایت المفتی	علامہ مفتی کفایت اللہ دہلوی	دارالاشاعت پاکستان
۱۵۶	فتاوی رشیدیہ	علامہ مفتی رشید احمد گنگوہی	جسیم بکڈپو دیوبند
۱۵۷	تالیفات رشیدیہ	مفتی رشید احمد گنگوہی	
۱۵۸	فتاوی امارت شرعیہ	فقیہ زمن قاضی مجاہد الاسلام قاسمی	امارت شرعیہ پٹنہ
۱۵۹	آپ کے مسائل اوران کا حل	علامہ مفتی محمد یوسف لدھیانوی شہید	مکتبہ نعیمیہ دیوبند
۱۶۰	نظام الفتاوی	فقیہ عصر مفتی نظام الدین اعظمی	تاج کمپیوٹرس دیوبند
۱۶۱	فتاوی نظامیہ اوندرویہ	//	ساجدہ بکڈپو دیوبند
۱۶۲	فتاوی عبدالحی	علامہ شیخ عبدالحی لکھنوی	مکتبہ تھانوی دیوبند
۱۶۳	فتاوی احیاء العلوم	استاذ العلماء الحاج مفتی محمد یٰسین	جامعہ احیاء العلوم مبارکپور
۱۶۴	فقہی مقالات	شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی	زمزم بکڈپو دیوبند

۱۶۵	جدید فقہی مسائل	شیخ خالد سیف اللہ رحمانی	مکتبہ نعیمیہ دیوبند
۱۶۶	جدید مسائل کا حل	مجموعہ افادات اکابر/ اشرفیہ مجلس علم وتحقیق	ادارہ تالیفات اشرفیہ
۱۶۷	جواہر الفقہ	علامہ مفتی شفیع احمد عثمانی	تفسیر القرآن جامع مسجد
۱۶۸	اغلاط العوام	حکیم الامت علامہ اشرف علی تھانوی	شمس پبلشرز دیوبند
۱۶۹	اصلاح الرسوم	//	عروش پبلیکیشنز دیوبند
۱۷۰	بچے حقوق واحکام	محمد نعمت اللہ قاسمی	کتب خانہ نعیمیہ دیوبند

کتب اصول فقہ وقواعد فقہ

۱۷۱	الاشباہ والنظائر	علامہ زین الدین (ابن نجیم حنفی)	مکتبہ فقیہ الامت دیوبند
۱۷۲	غمز عیون البصائر	مولانا السید احمد بن محمد حنفی حموی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۷۳	شرح المجلۃ	شیخ سلیم رستم باز البنانی	دار احیاء التراث العربی
۱۷۴	درر الحکام شرح مجلۃ الاحکام	شیخ علی حیدر استنبول ترکی	دار الجیل بیروت
۱۷۵	الموافقات فی اصول الشریعۃ	امام ابو اسحاق شاطبی	دار المعرفۃ/ احیاء التراث
۱۷۶	الاصول والقواعد للفقہ الاسلامی	شیخ مفتی محمد جعفر ملی رحمانی	الہدی پبلیکیشنز نئی دہلی
۱۷۷	اصول الشاشی	امام نظام الدین الشاشی	مکتبہ بلال بکڈپو دہلی
۱۷۸	ھامش اصول الشاشی	مولوی حافظ محمد برکت اللہ فرنگی محلی	// //
۱۷۹	نور الانوار	شیخ احمد ملا جیون	یاسر ندیم اینڈ کمپنی
۱۸۰	جمہرۃ القواعد الفقہیۃ	دکتور علی احمد الندوی	شرکۃ الراجحی المصرفیۃ
۱۸۱	قواعد الفقہ	شیخ مفتی عمیم احسان مجددی برکتی	اشرفی بکڈپو دیوبند
۱۸۲	المقاصد الشرعیۃ	شیخ نور الدین الخادمی	دار اشبیلیا
۱۸۳	القواعد الکلیۃ والضوابط الفقہیۃ	محمد عثمان شبیر	دار النفائس اردن
۱۸۴	ترتیب اللآلی فی سلک الأمالی	محمد بن سلیمان (ناظر زادہ)	مکتبۃ الرشد ریاض

کتب متفرقہ

۱۸۵	حیوۃ الحیوان الکبری	علامہ کمال الدین دمیری	
۱۸۶	احیاء علوم الدین	امام ابوحامد الغزالی	دار المعرفۃ بیروت
۱۸۷	کتاب التعریفات	علامہ سید شریف الجرجانی	دار الکتب العلمیۃ بیروت
۱۸۸	الکافیہ مع حاشیۃ	علامہ ابن حاجب	
۱۸۹	سعایۃ النحو	مفتی عطاء الرحمٰن ملتانی	
۱۹۰	تدریب النحو	سید ظفر احمد جمیل حسامی	